# تعلیم و تربیت کی اہمیت اور ضرورت

www.ketab.ir

مؤلف: محمد حسن جمالی

پیشکش: مدرسہ علوم اسلامی نجف اشرف

سرشناسه : جمالی، محمدحسن، ۱۹۸۵- م.
عنوان و نام پدیدآور : تعلیم و تربیت کی اهمیت اور ضرورت/ مولف محمدحسن جمالی.
مشخصات نشر : مشهد: مؤسسه فرهنگی، هنری و انتشاراتی ضریح آفتاب. ۱۳۹۹.
مشخصات ظاهری : ۱۹۶ ص.
شابک : ۹-۴۶۲-۴۷۶-۶۰۰-۹۷۸
وضعیت فهرست نویسی : فیپا
موضوع : اسلام و آموزش و پرورش / Islamic education
یادداشت : اردو . کتابنامه: ص.۱۷۹.
رده‌بندی کنگره : BP ۲۳۰/۱۸
رده‌بندی دیویی : ۲۹۷/۴۸۳۷
شماره کتابشناسی ملی : ۷۵۵۵۰۵۴

www.ketab.ir

نام کتاب ........................ تعلیم و تربیت کی اهمیت اور ضرورت
مولف ........................ محمدحسن جمالی
ناشر ........................ مؤسسه فرهنگی، هنری و انتشاراتی ضریح آفتاب
صفحه آرایی و طراحی ........................ محمدصادق زاهدی مهدی آبادی
تعاون ........................ موسسه علوم اسلامی نجف اشرف
نوبت چاپ ........................ اول
قطع ........................ وزیری
شمارگان ........................ ۱۰۰۰ نسخه
قیمت ........................ ۲۰۰۰۰ تومان
چاپ ........................ دقت
شابک ........................ ۹-۴۶۲-۴۷۶-۶۰۰-۹۷۸

**«حق چاپ محفوظ است»**

**مقدمہ مؤلف:**

اسلامی نورانی تعلیمات کی روشنی میں یہ حقیقت اظہر من الشّمس ہے کہ تعلیم اور تربیت کے زیر سایہ ہی انسان کے لئے دنیاوآخرت کی کامیابی کا حصول ممکن ہو جاتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ تمام انبیاء واولیاء الٰہی نے اپنی زندگی انسانیت کی تعلیم وتربیت کی راہ میں وقف کررکھی۔وہ اپنی زندگی میں پیش آنے والے گوناگون مسائل اور مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے اس مقدس مشن کو آگے بڑھاتے رہے،بشریت کے سامنے چراغ ہدایت روشن کرتے رہے،عالم انسانیت کو قوانین واحکام الٰہی کے مطابق زندگی بسر کرنے کی تلقین کرتے رہے،دنیا وآخرت دونوں میں کامیاب اور سعادت مند ہونے کے طریقوں کی نشاندہی کرتے رہے،تمام معروف ومنکرات سے آگاہ کرتے رہے اور دونوں جہاں میں سرفراز وسرخرو رہنے کے رموز واسرار سے آشنا کرتے رہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد یکی بعد دیگری ائمہ ھدی علیہم السلام نے انبیاء کرام کے اس عظیم مشن کی بھرپور حفاظت کی اور احسن طریقے سے وہ اسے آگے بڑھاتے رہے۔ان میں سے ہر ایک نے اپنے زمانے کے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے لوگوں کے ذہنوں کو اسلام ناب کی تعلیمات کے نور سے منور کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا اور وہ علمی اور فکری طور پر انہیں مضبوط کرنے میں کوشاں رہے۔ یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا۔یہاں تک کہ سلسلہ امامت کے بارہویں تاجدار حضرت امام مہدی (ع) حکم الٰہی سے پردہ غیبت میں چلے گئے تو آپ کے نائب خاص علماء عظام نے اس ذمہ داری کو نبھائی۔ان کے بعد سینہ بہ سینہ مجتہدین وعلماء اعلام علوم آل محمد کو بشریت تک پہنچاتے رہے۔آج بھی مکتب آل محمد کے پروردہ علمی شخصیات ہی دین اسلام کی حفاظت اور پرچار میں کوشاں ہیں۔اسی مقدس ہدف کی تکمیل کے لئے بہت سارے ادارے فعال ہیں،جن میں سے ایک نجف اشرف کی سرزمین پر دینی خدمات میں سرگرم ادارہ موسسہ علوم اسلامی ہے۔یہ ادارہ تقریبا بارہ سالوں سے مختلف شعبوں میں

www.ketab.ir

نمایاں خدمات سرانجام دے رہا ہے خاص طور پر بچوں کی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں علماء کرام پوری محنت اور جدوجہد کررہے ہیں-یہ کتاب موسسہ علوم اسلامی کے مسئولین کی جدوجہد سے چھپ کر منظر عام پر آئی ہے-اس کتاب میں بہت سارے اہم مطالب جیسے تعلیم وتربیت کا مفہوم، اصول سمیت تدریس کی تعریف، تدریس کی روشیں، استاد اور شاگردوں سے متعلق شرائط، اسلامی تعلیمات کی اہم خصوصیات، مغربی نظام تعلیم کے نقائص، سوالات کے فوائد اور کتب اربعہ کا تعارف وغیرہ پر بحث ہوئی ہے-امید ہے یہ علمی اثر طلباء سمیت تمام مطالعے کا شغف رکھنے والوں کے لئے مفید ثابت ہوجائے-آخر میں بندہ موسسہ علوم اسلامی نجف اشرف کے جملہ آراکین خاص طور پر مجھ سے مسلسل رابطے میں رہنے والے مؤسسے کے سرپرست اعلی جناب شیخ شبیر شاکری اور مدیر محترم براور ارجمند آقای سید حسنین کاظمی کا شکر گزار ہوں جنہوں نے حقیر کی اس مختصر علمی کاوش کو چھپوانے کا اہتمام کیا-اللہ تعالی اس ادارے کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے، اس سے منسلک ہوکر خدمات سرانجام دینے والے علماء کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور ہم سب کو اخلاص سے علوم محمد وآل محمد (ع) کی زیادہ سے زیادہ ترویج واشاعت کی توفیق دے-

www.ketab.ir

محمد حسن جمالی

حوزہ علمیہ مشہد مقدس